سوال

نوکری

جواب

شراب سپلائی کرنے والی کمپنی میں ملازمت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک کمپنی ایک ملک سے شراب منگوا کر دوسرے ملک کو سپلائی کرتی ہے ، کیا اس میں اکاونٹینٹ کی نوکری کرنا جائز ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شراب کی خرید وفروخت کرنے والی ایسی کمپنی میں نوکری کرنا ناجائز اور حرام ہے ، کیونکہ اس میں ملازمت کرنا حرام کام میں ان کے ساتھ تعاون ہوگا ۔ اور اللہ تعالی نے گناہ پر کسی کا تعاون کرنے سے منع فرمایا ہے ۔ ارشاد باری تعالی ہے ۔ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (المائدۃ : 2) " نیکی اور تقوی پر ایک دوسرے سے تعاون کرو اور گناہ اور زیادتی پر ایک دوسرے سے تعاون نہ کرو ۔ "
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی